3138-والد کا اولاد میں سے کسی ایک کو اپنی مملوکہ اشیاء فروخت کرنا

سوال

کیا کسی شخص کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنی اولاد میں سے کسی ایک کو اپنی مملوکہ اشیاء میں سے کوئی چیز فروخت کرے ، یہ علم میں رکھیں کہ اولاد میں سے کچھ تو ان اشیاء کو خریدنے کی استطاعت رکھتے ہیں اور بعض دوسروں کے پاس خریدنے کے لیے کچھ بھی نہیں اور نہ ہی وہ خریداري کی استطاعت رکھتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

آدمی کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنی اولاد
میں کسی ایک کو بھی اپنی کوئی چیز فروخت کرے ، جب وہ خریدنے کی استطاعت رکھے اور اس کے ساتھ
وہی معاملہ کرے جو ایک اجنبی کے ساتھ کیا جاتا ہے ، اور اسے ایسی چھوٹ نہ دے جس میں اسے دوسرے
بھائیوں پر فضیلت حاصل ہوتی ہو.